ملاحظہ نحن اقرب الیہ من حبل الورید شب مین روبقبلہ دو زانو
بیٹھ اور تصور اس آیت شریف کا دل مین ہی مین ایسا جمائے
کہ خود سالک اسمین مستغرق ہو اور ذوق و شوق حاصل ہو دیگر
طریق سالک وھو معکم اینما کنتم کو اسی طرح دل مین ہی کے
ملاحظہ ساتھہ معنی کے کرے دیگر طریق اللہ نور السموات والارض کو
ملاحظہ کرے فی انفسکم افلا تبصرون کو ملاحظہ کرے دیگر طریق
سالک ھوالظاھر ھوالباطن ھوالاول ھوالاخر کو ملاحظہ
کرتے ہوئے لفظ ھو پر نظر ڈالے اور معاینہ کرے کہ ھو مین دو لفظ
مین ایک ہ دوسرا و ہ کی صورت دایرہ کی سی اور و کے
عدد چھہ ہوتے ہین یعنے اس قبہ آسمان مین جو شش جہۃ سالک کے
گھیرے رہنے سے نظر آرہے ہین یعنے نیچے اوپر داہنے بائین سامنے
پیچھے سب میرے ہی ذات کے اطوار ہین سوائے میرے دوسرا
نہین ہے جو ظاہر وجود میرا ہے وہ ممکن ہے اور جو باطن وجود میرا ہے
جسکو روح و خلیفہ حق کہتے ہین وہ واجب الوجود میرا ہے پس جو

اسماے حسنیٰ ہین وہ سب میرے ہی اوصاف ہین تب سالک کو
وہ ذوق وشوق ہاتھہ دیتا ہے کہ اوس ذوق مین انا اللہ وانا الحق
کہہ اوٹھتا ہے یہی بیرنگی ومشاہدہ ہے واللہ اعلم بحقایق الامور
کلھا دیگر طریق سالک کہے کل من علیھا فان ویبقی وجہ
ربک ذو الجلال والاکرام اور سالک اپنے کو آپ تصور کرے
کہ مر گیا اور ایسی راکہہ ہو گیا جیسے ہوا مین اوڑا دی زمین اور آسمان ٹکڑے
ٹکڑے ہو گیا اور بدن کی ترکیب اور بنیاد اور شکل مٹ گئی اور اللہ کو
باقی اور موجود خیال کرے اور اس تصور مین دیر تک قایم رہے
تو یہ حضرت اور سالک اور فنا کو بہت مفید ہے و دیگر واضح ہو کہ کلمۂ طیبہ
مین تین مقام تنزیہہ کے یعنے احدیت و وحدت واحدیت اور تین
مقام تشبیہہ کے یعنے ارواح مثال اجسام پس یہ مقامات جو
بیان کیے گئے پیغمبران الوالعزم یعنے چھہ پیغمبرون کے زیر قدم ہے
چنانچہ لطایف ستہ مین جو لطیفے بیان ہوے جیسا کہ نفس روح
سر قلب خفی اخفی پس نفس زیر قدم حضرت آدم علیہ السلام
کے اور روح زیر قدم ہے حضرت نوح نبی علیہ السلام کے اور سر

زیر قدم حضرت ابراہیم علیہ السلام کے اور قلب زیر قدم ہے حضرت موسیٰ علیہ السلام کے اور خفی زیر قدم ہے حضرت عیسیٰ علیہ السلام کے اور اخفیٰ زیر قدم ہے حضرت محمد صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے

باب شسشم بیان میں طریق شغل سایہ سول کہ اوسکو سایہ لطیف و ہمزاد و ہمتا بھی کہتے ہیں اور شغل آفتاب و ماہتاب و شغل سلطان محمود اور نصیرا اور قاب قوسین وغیرہ

جان کہ شہرستان وجود انسانی دس باب رکھتا ہے دونو کان دونو آنکھین دونو سوراخ ناک کے اور منہ اور مقعد اور عضو تناسل اور باب دہم شغل حلق ہر باب کو دہوتے ہین چاہئے کہ باب دہم کو اس طور سے دہووین کالی مرچ ایکدام نمک لاہوری دودام دونکو پیسکر حلق مین لپٹانا اور دیر تک سرنگون رہے تاکہ آلائش دماغ سے نکلے واسطے ظہور تجلیات اور انوار کے نہایت مفید ہے اور

دوسرے امور کشف مغنیات سے میسر ہو بعد اوس کے ناک کی نوک کو اصطلاح فقرا مین نصیرا کہتے مین مشاہدہ کرے اور تیز نگاہ سے دیکہے اور پلک نہ مارے ہر چند کہ پانی آنکہہ سے نکلے مشغول رہے جسوقت کہ نظر سالک قرار پکڑے انوار عجایب مشاہدہ کرے اور بعد ایک دو برس کے سلطان محمود اکہ درمیان دونو بہوون اور ناک کے جڑ کے ہے ملاحظہ کرے کہ واسطے کشف اور فراغت معاش اور ظہور انوار کے بہت مفید ہے بعد گذرنے ایک دو برس کے قوسین کہ درمیان حاجبین ہے تصور رکہے اور دو تین پہر اس شغل مین صرف کرے اس مقام والے کو کشف قلوب اور کشف قبور حاصل ہوا اور انوار طرح طرح کے پیدا ہوتے ہین اور قوت باطن حاصل ہوتی ہے اور اگر ضعف بصارت رکہتا ہووے آنکہہ بند کر کے ملاحظات مقامات مذکور کرے لیکن نشست سلطان محمود اور سلطان نصیرا کی نشست تشہد ہے اور نشست قاب قوسین کی چارزانو ہے دونو ہاتہہ اوپر سر کے رکہے۔ اور اگر ماندہ ہوسید ہا سوکر دونو ہاتہہ سرپر رکہے جو کچھہ کہ مرشد نے فرمایا عمل مین لاوے اور کوشش لازم

کرے دیگر طریق سلطان نصیرا جان کہ سالک کو چاہئے
خلوت مین سب حواس اپنے جمع کرکے مقام قاب قوسین مین کہ
درمیان حاجبین کے واقع ہے قرص آفتاب کو تصور کرے اور
اوسپر اسم اللہ قلم طلا سے لکہا ہوا ور دہنے طرف اسم یاحی اور
بائین طرف اسم یاقیوم تصور کرے فایدہ عظیم بخشے چارزانو بیٹھے
خواہ سید ہا سوے دونو ہاتہہ سرپر رکہہ کے نگہہ اپنی اوپر اوس
جرم کے سیئی دیوے چند روز کے عرصہ مین انوا ربے شمار مشاہدہ
ہوتے ہین اور کشف قبور حاصل مواظبت شرط ہے دیگر طریق
شغل مدور سالک کو چاہئے کہ آدہی رات کو بعد نماز تہجد حواس
خمسہ اپنے جمع کرکے متوجہ طرف ام الدماغ کے کرے اور وہان
ایسا تصور کرے کہ ایک تخت زمرد کا ہے اور اوس تخت پر شکل اپنے
مرشد کی اونکو بیٹھے ہوسے تصور کرے کبہی اوس صورت کو رسول
قراردے بعدہ ترقی کرے اوس صورت کو حق تصور کرے اور صورت
روح قراردے کہ قیام تیرے وجود کا اسی صورت سے ہے اور
قیام تمام عالم کا اسی سے ہے۔ قول من عرف نفسہ مشاہدہ کری

اور حق الیقین حاصل ہو **دیگر طریق شغل مدور** سالک کو چاہیے
کہ چار زانو بیٹھے اور حواس خمسہ کو جمع کرکے طرف ام الدماغ کے
لیجاوے اور دونو سوراخ ناک اور کان اور آنکہہ اور منہ کو اونگلیون
سے دونو ہاتہہ کے بند کرے ایسا کہ دم کو جاے نکلنے کی نہ دیوے
اور فکر کو اپنے ام الدماغ کو پہونچانے اور اوس وقت تصور مین دل مدور
رکہے آنکہہ بند کرکے وہان متفکر رہے تا آنکہ نقطہ درخشندہ متصور
ہو جاے لازم ہے کہ اس فکر مین شب و روز مواظبت کرے تا آنکہ نقطہ دراز
ہو اور دل مدور سے ساتہہ دل عبہری کے پہونچاوے اور وہان سے
ساتہہ دل صنوبری کے اور وہان سے ساتہہ دل نیلوفری کے چارون
دل مذکور اوس نور سے منور ہو بعد اوس کے پہلے تمام جسد سالک کا
نور ہووے بعد اوس کے ایسا پہیلے کہ عرش سے فرش تک سب نور
ہووے پس اوس نور مین ایک صورت ظاہر ہو اور اسجاے راز
نحن اقرب الیہ من حبل الورید کا منکشف ہو جان کہ متصرف
جہان مین وہی شکل ہے اور متصف تمام صفات سے وہی ہے اور
وہ شکل حقیقت سالک ہووے سالک کو چاہیے کہ اوس شکل کو

متصف ساتهہ آتهہ صفتون سے کرے یعنے بصیر ہے ساتهہ بصر اپنے اور سمیع ہے ساتهہ سمع اپنے اور علیم ہے ساتهہ علم اپنے اور کلیم ہے ساتهہ کلام اپنے اور حی ہے ساتهہ حیات اپنے اور قادر ہے ساتهہ قدرت اپنے اور مرید ہے ساتهہ ارادت اپنے اور شاهد ہے ساتهہ شہود اپنے بعد اوس کے اوس شکل کو متصف ساتهہ نود و نہہ صفت کے کرے اوسوقت عارف ہو اور برکت سے اس شغل کے بقا بعد فنا حاصل ہو کل شی هالک الا وجهہ مشاهده کرے سه هرگز نمیرد آنکه دلش زنده شد بعشق ✣ ثبت است بر جریدهٔ عالم دوام ما ✣

باب ہفتم بیان مین طریق شغل غوثیہ قادریہ کے اور تصور مرشد کا اور دوسرے تصورات واسطے تسخیر و دفع بیماری صعب کے اور طریق سلب بیماریون اور سلب احوال کے

اجان کہ علم اور وہم عبارت ہے ملانے سے قوت فاعلی اور منفعلی کے واسطے ظاہر کرنے امر نمارق کے پس علم و وہم تین چیز پر موقوف ہے جو معرفت ممتزج اور قوت فاعلیہ اور قوت منفعلیہ ہے لیکن ممتزج عامل ہو کہ واسطہ تفکر سے اوس کے امتزاج حاصل ہوا اور ظاہر ہوتا تاثیر کا قوائے فاعلیہ سے ساتھہ قوای منفعلیہ کے بقدر تصرف عاملیت کے ظہور مین آوے اور اوسکو سات درجون مین بیان کیا ہے اول رتبت خیال ہے اور وہ تصور طریق تخیل پر ہوا اور حقیقت اور نسبت ظہور تاثیر کے اوسمین نہایت دور ہووے اور نیز یہین اثر ظاہر ہوا اور وہ علم عوام الناس کا ہے دوم رتبت ظن ہووے اور وہ تصور قلوب بر سبیل مظنون ہو اس تصور مین اثر اوس سے جلدتر ہو سوم رتبت وہم اور اس تصور مین اثر اوس سے جلدتر ہو چہارم رتبت فکر ہے اور اس وہم مین اثر سریع ہے اوس سے پنجم رتبت اعتقادی اور ظہور اثر اسمین اوس سے بہی جلدتر ہے ششم رتبت یقین ہے اور اس وہم مین اثر نہایت جلدی سے ظہور کرے ہفتم رتبت عیان ہے

بعد ... کو بچشم باطن ایسا مشتغل ہووے کہ تمام اشیا متصور
حالت ... مین کہ وہم رکہے اوسی حال اور ساعت مین اوس سے
... دم اوسکا روان رہے اور اس حالت مین جو کہے نفس اوسکو
قبول کرے اور تصرف اوسکا عالم مین نافذ ہو پس چاہئے کہ اول
قوت غضبی کو واسطے دفع ضرر کے اور شہواتی کو واسطے طلب
نفع کے اپنے مین راسخ کرے اس طور پر کہ ملکہ ذاتیہ اوس مین ظاہر
ہووے اوسکے طرح سے تردد اور وہم اور ظن اور ضعف اور شک
اوسکے باطن مین اثر نکرے اور سب مرادات بر آوے اب جان کہ
قوت فاعلیہ وہ قوت ہے کہ تصرف ممکنات مین اوس سے ہووے
اور قوت سے فعل اوسکے واسطے سے حاصل ہوا اور قوت منفعلی
قبول محل ظہور ہے پس قوت عالی الحقیقت حضرت اسما الٰہی سے ہے
حقیقت فعل حق جل علی ہے اور مظاہر مین اوسکے نیابت حکما عقول
اور نفوس اور افلاک اور انجم کہتے ہین علما ملایک مدبرہ کہتے ہین
اور وہ انسان مین تین قوت ہین ایک مکمل ہے اور وہ تصرف اکمل
اور اتم ہے اسواسطے کہ بواسطہ خفی اور تخلق باخلاق اللہ ہے کہ وہ

بعد فنار صفات بشری اور اخلاق ملکی کے اور بقا بصفات حقانی اوپر
اوس کے ظاہر ہو کر یا نند صفات کے مضمحل ہو اوس لمحہ تصرف اپنے
مین حق تعالی ہو وے اور یہ تصرف کر اوس لمحہ مین کرے تصرف
تمام ہو وے کہ شمہ اوس تصرف سے عبارت مین لانا اور اشارت
تصریح اور کنایت مخص نہین ہے فہم من فہم **دوم** تصور روح
ست اور وہ بعد خروج اوصاف نفسانی سے ہو وے اور بعد مکاشفہ
عالم روحانی کے اور وہ دو طریق سے ہے **ایک** وہ کہ مختلط ہو ساتھہ
صفات بد کے اور ممزوج ہو وے ساتھہ اخلاق نفس کے اور تصرف
اوسمین بقدر صفا ہو **دوم** وہ کہ مجرد ہو اوصاف ردیہ سے اور متصف
صفات ذمیمہ سے وہ بہی دو طرح پر ہے **اول** وہ کہ متخلق ہو اخلاق
ملکی سے اور اوس کے تیرا مرتبہ مین جسقدر مراتب صفات مناسب
ولی کے ساتہہ اخلاق پر ملک کے جو حاصل ہوے ہون ظہور اثر
اوسیقدر تصرف اوس ملک کا ہو **دوم** وہ کہ متصف ہووے ساتہہ
وجہ جبروتی کے اور یہہ نوع اتم واکمل ہے اول سے تصرف اسمین
مانند تصرف ملایک ملا اعلی کے ہے **سوم** وہ کہ مجرد نفس سے ہو

اور یہ تصرف عوام کیواسطے ہو اون لوگون سے جنہون نے ہوا نفسانی
اور ہوا ستِ من اور وسواس شیطانی اور خطرات ست اوس کے پرہیز
کیا ہو اور تلذذات فانیہ کو مقاصد سمجہا اوس نوع کا تصرف اوسے
چندان کمالیت نہین رکہتا ہے اور خبر عالم طبیعت سے آگے نہ جاوے
اب جان کہ کیفیت فہم وہ ہے کہ اول اوس کے دو قوت مین ایک
جلالی اور دوم جمالی اپنے مین قوی کرے اوسوقت ملایکہ مدبرہ
ساتہہ افعال مخصوصہ کے ہو کہ مین مظاہر مین اوس کے عالم مین
ما انسان مین اعضا مخصوصہ حسب مطلوب لاتے ہین اور ظہور رکہتا ہی
بیچ اوس کے ساتہہ عین جمعیت کے معاینہ کرے اور اس فکر مین ڈوبنے
اور اس طرح پہ ہو کہ جیسا تصرف اوسکا ملایک سے حاصل ہو عالم مین
اوس ست ہووے اور واسطہ سے تسمیہ کے محل فیض پہنچنے مین اوس
محل مین جو مطلوب رکہتا ہے ملکہ ذاتی ظاہر ہووے اوسوقت وہ تصور
مسخر ہووے اور جب فکر مسخر ہوی کام ساتہہ اتمام کے پہونچے اور تصرف
کامل ہو - اب جان کہ کیفیت گرفت وہم اور تصور کرنیکی ابتداے امر
مین مبتدی کو وہ ہے چاہئے کہ محل قواے فاعلیہ اور منفعلیہ تمیز کرے

اور وہ قوت فاعلیہ کہ مقدم اوسکا تالو ہے اور وہ سوراخ سب ادراکات ع
متصل ہے اور رنگ اوسکا مانند چاندی کے ہے اور مدور راہ ملی عقل
فعال سے کہ اوسکو شریعت مین اسماعیل کہتے ہین **دوم** قوت منفعلہ
مکان اصلی اوسکا ناف ہے اور یہی مکان نفس [illegible]
تابعین ناف کو شمال تعالی آفتاب تصور ہے کہ [illegible] تمام
مین اور حفظ الکل فروع اوس کے کہ جنین دونو ہے **ایک**
برمایہ کہتے ہین اور دوسرا نون [illegible] **دوم** کہ نافلہ ہین
اور وہ تحت سرہ سے لیس مایہ **اول** [illegible]
اور مکان قوت [illegible] اور رنگ اوسکا مثل [illegible] **دوم**
اور وہ محل [illegible] انجماد اور خشکی کا ہے اور رنگ اصلی اوسکا مثال
برف کے ہے **سوم** حافظہ محل اجتماع بلغم کا ہے اور [illegible] اجتماع
ہوا کا ہے اور رنگ اصلی اوسکا مانند بلور سفید کے ہے **چہارم**
سوراخ کہ معدہ اجرمین ہے اور رنگ اوسکا مانند چاند کے ہے **پنجم**
پیشانی درمیان دونو ابرون کے اور رنگ اوسکا مانند آفتاب کے ہے
اور قوای سافلہ جو ہین **ایک** مقعد رنگ اصلی اوسکا مانند سرخ

ہے سے **دوم** یہ اور رنگ عملیات کا متعلق تشابہ ختم کے
ہے ۔ تمام وہم قوت فاعلیہ و منفعلیہ کا تین نہ ہے یک
یہ کہ قوت فاعلیہ کو سب سے پہلے تین ساتھ رنگ اوس سے اور قوت
منفعلیہ کو طرف مین تصور کرے اور وہان سے طرف فرق کے نزدیک
اوس نقطہ سے کہ قوای فرقی اوس سے بلند ہوتے یعنی ناف کے
طرف پیٹھ سے نیچا وے اور وہان سے اول صنوبری مین دیکھے پہنچاوے
وہان سے حلق مین لیجاوے اور وہان سے دماغ کی طرف
کرے اور وہان سے دل کی کوٹھری مین لیجاوے کہ مکان فاعلیہ ہے
پہونچاوے اور دونون کو ساتھ قوت یا ہمت کے یکدیگر منطبق بدانے
دوم وہ ہے کہ قوت فاعلیہ کو اوس کے محل مین اور قوت منفعلیہ کو
اوس کے موضع مین تصور کرے علیحدہ اور قوت فاعلیہ واسطے حفاظت
اشیا کے ہے اور قوت منفعلیہ واسطے تسخیر اشیا کے ہے پس جب
یہہ وہم بصیرت مین اوس کے قرار لیوے پس جسکو چاہے کہ مسخر
کرے کہ قوت منفعلیہ مین کہ اصلی ہے ساتھ فکر کے سرخ تصور کرے
اور ساتھ وہم کے اوسکو اجابت کرے **سوم** وہ کہ اسی قوت فاعلیہ کو

تحفہ شریف مرکی کہوپری مین ظہور کرے ساتھہ رنگ سفید کے
اور روشن اور وہان سے سفیدی اور روشنائی اوسکی تمام بدن
مین وہم سے پہونچاوے اور اسطرح سے کہ تمام بدن ساتھہ بصیرت
باطن کے سفید دیکہے بلا شک و لاریب وسی مدت تک کہ ہاتھہ
دہووے ہر روز کام اوسکا عالی ہوکہ دورت دیکہے اور شرف اوسکو
ملکہ یہ وظیفہ کا ہاتھہ دیوے ساتھہ اس کے قوت منفعلہ کو مجرد اوسکے
موضع مین ساتھہ رنگ سفید کے مشاہدہ کرے جو کہ یہ عالم مین ہے
اوس سے دور اوسکو نہ ہووے یعنی وجود مرکہ ہووے اور کیا دیکہے
نکل جاوے اور بیمار اچہا ہووے اور اگر قوت منفعلہ کو اوپر لیجاوے
اور ساتھہ قوت فاعلیہ کے پہونچاوے اور ایسا سمجہے کہ گویا آب حیات
قوت فاعلیہ سے ٹپکتا ہے اور قوت منفعلہ کو اس جا سے
وجود اوسکا تمام سفید ہوا اور تمام بدن اوسکا آب حیات سے تر ہوا
جب یہہ فکرت ساتھہ بصیرت باطن کے بعینہ مشاہدہ کرے اوسوقت
جو علت کہ رکہتا ہے وہ اور جو جمعیت کہ جاتی رہے ادہر لوٹی کہ
بدن مین اوس نے کوشش کرے آوارہ اور سرگردان ہو جاوے

اور کوئی شخص اس نسبت تک نہیں پہونچا سکتا اور دوسرا واسطے
حصول اس نسبت کا یہ ہے کہ قوت فاعلیہ کو برنگ سفید اور قوت
منفعلیہ کو بھی ساتھہ رنگ سفید کے تصور کرے مانند چاند کے کہ
مشتمل تمام عالم کے ہے اور سر کی کھوپری میں بھی تصور کرے
اور قوت منفعلیہ کو بھی برنگ سفید اور روشن تصور کرے اور فاعلیہ اور
منفعلیہ دونوں کو باہم ملاوے اور ایسا تصور کرے کہ گویا آب حیات قوت
فاعلیہ سے طرف قوت منفعلیہ کے کھوپری سے اوس کے برستا ہے
مانند کوہ کے نفحۂ منفعلیہ تمام بدن میں پہونچتا ہے جسطرح کا
کہ زمین پر [illegible] ہوتا ہے کیا اوس سے اور یا دوسروں سے جس جاے
کہ یہہ تصور کرے حالت سے اللہ تعالی کے کوئی خوف اور ضرر اوس سے
لاحق نہو - جان کہ اگر کوئی قوت فاعلیہ کو اوسکی جاے میں اور
قوت منفعلیہ کو اصل اور فرع سے اوس کے مکان میں علیحدہ ساتھہ
رنگوں کے کہ ہر ایک مخصوص میں تصور کرے اور بصیرت باطن سے
ساتھہ رنگوں کے جو ہر ایک مختص میں دیکھے تا آنکہ اوسکو ملکہ ہووے
اور عادت اختیار کرے اوسوقت جو تصرف کہ عالم میں چاہے نظر آوے

جان کہ طریق دفع امراض کا یہی ہے کہ مریض کو جو کچھہ مرض ہو
خواہ سانپ کا زہر یا بچھو کا زہر یا نباتات کا زہر یا درد یا جو کچھہ جس
امراض سے چاہئے کہ اول قوت فاعلیہ کو اوس کی جاے مین ساتھہ
رنگ سفید کے تصور کرے اور نوعیہ جگا و نعین اوس کے کہ فوقانی مین
گذرانے ساتھہ قوت فاعلیہ کے باہم کرے اور وہان سے ابن ملانے
کے اوس سے آب حیات مثال کو دے نطفہ کے نسبت ساتھہ تمام
اعضا اوس کے بدن سے تمام بدن اوسکا سفید اور روشن ہووے
اور اوس مرض کو رنگ سیاہ تصور کرے اور اوس جا سے جو مرض
ہے تازے درخت مین منتقل کرے مریض فوراً اچھا ہوا اور مرض
اوس سے دور ہووے **دوسرا طریق** واسطے مسخر کرنے
کسی کے چاہئے کہ قوت منفعلیہ مطلوب کو ساتھہ تمام اعضا اوس کے
برنگ سرخ تصور کرے اور ساتھہ نفس کے اوسکو طرف اپنے
جذب کرے اور اسم اعظم کو برق تصور کرے اور تازیانہ کرے اور
اوسکو جس بار کہ چاہے اوس کے بدن کو تازیانۂ آتش برق سے
مارے اوسی حال اور ساعت مین وہ شخص قبول کرے اور آکے اوسکے

مانند ہوا گرچہ بادشاہ ہووے اور وہ قہار ہووے اور اس تصویر جسکو
دیکھے انسان اور جن اور شیاطین اور ارذل اور اشراف اور اکابر
اور امرا اور ملوک و سلاطین اور خلفا اور چرند اور پرند اور حشرات الارض
سے فرمان قبول کرے اور بعد اوس کے تصور بصیرت مین وس کے
مانند ہووے اور مرتبہ حیوان کہ شایان مراتب نہووے اثر اوسکا
مجنون زمانے مین ہووے بس ظہور اثر اوسکا بقدر تصور کے ہے
واسطے تمریض کے چاہئے کہ قوت منفعلہ اپنا اور قوت فاعلیہ مطلوب
کا رنگ زرد یا سیاہ تصور کرے جسطرح سے کہ کیا گیا بعد باندہنے
دونو قوت کے اوس سے امراض اعضا مخصوصہ پر ابطال زفاف
شہوت کے برہانے غرض ساتہہ حاصل کے لئے **دوسرا طریق**
واسطے تسخیر خلایق کے عالم علوی اور سفلی کی پیشانی مین اپنے
بیچ دونو بہون کے برنگ سرخ تصور کرے چنانچہ اسم اعظم کو قرص
شمس مین گویا مکتوب ہے اور وہ شمس ورطہ پیشانی مین اوس سے
منور زیادہ شمس ظاہر سے جسقدر کہ ہووے اسم اعظم کہ مناسب اوسکا
کام مین رکہے اور یہہ تصور اکثر اوقات کرے تاکہ ملاقیت اوسکا ہو

اعتقاد اوسکا ہو اور نظر جسکے اوپر پڑے مسخر ہو اور فرمان بردار اوسکا ہووے

جان کہ اگر اسم اعظم حسب مناسب لین برنگ سُرخ تصور کرے اور تمام

عالم علوی اور سفلی مع تمام اشیا کے جو اوسمین سب تمام موجودات سے

برنگ سُرخ تصور کرے اور اس تصور پر مدت دراز ریاضت کرے تا

عادت ہووے اور ملکہ راسخ اوس مین ظاہر ہو مخلوقات عالم مسخر اور

مطیع اور فرمان بردار اوسکے ہووے - جان کہ اسم اعظم کو اس دعا

مین ایک ذکر مین اور دوسرے ناف مین تیسرے سینے مین

اور چوتھے پیشانی مین پانچوین سر مین برنگ سُرخ اپنے بیچ

اور مطلوب مین تصور کرے فوراً جسکو تصور کیا ہے سامنے اوس کے

حاضر ہو اور اجابت کرے انس و جن سے جسمین کہ روح کو اپنے محل قوت

فاعلیہ مین تصور کرے دل اور عقل کو اوپر پہونچاوے بوڑہاپے اور

ضعف اور سستی سے خلاص پاوے اور کشف نفس و روح اور مقام

دل اور سیر اوسکو حاصل ہووے اور روحانی ہو اور ارواح موتے معاینہ

کرے اور واسطے رفع غم و ہم اور جنگ و ضرب و شدید اور مکاید کے

اسم اعظم کو وسط کلی مین کہ تارخ ہے اوسکو قوت فعلیہ مین تصور

تصور کرے ساتھ رنگ سفید کے دیکھے تا ملکہ اوسمین پیدا ہووے
تمام غم و اندوہ اوسکا دور ہووے اور فرحت و محبت کونین باطن
مین اوس کے ظاہر ہو اور اگر اپنے کو وسط شمس و قمر مین تصور کرے
اور دونون کے درمیان ہوون سے لکھے نہایت درخشان آفتاب کو
جانب راست اوس کے برنگ سرخ اور چاند کو برنگ سفید نہایت نور
طرف چپ اور اسم اعظم کو جو عدت کرتا ہے دونون بیچ مین منور
او اوپر اس مدت کے اپنے کو تمام کرے تا کر ملکہ راسخ ہو اور تصرف
ہائے عجیب اوسکو نظر آئین اور روحانی ہووے جیسا کہ چاہئے
کر اپنے کو مثال ذرہ آفتاب کرے ہوسکے و یا مانند ہوا کرے یا انتقال
صورت اپنی کرے و یا کسی شخص کے بدن مین آئے یا عظیم الجثہ ہووے
و یا قصیر القدر کرے جو چیز کہ امثال سے اوسکے چاہے میسر ہووے
اور آنکھون سے لوگون کے پوشیدگی حاصل ہووے اور طرح طرح کے
تصرفات روحانیات اوسمین پیدا ہو اور جو کوئی چاہے اپنے کو تمام
موضع قوت فاعلیہ مین برنگ سفید صاف اور روشن تصور کرے کہ
ملکہ راسخ ظاہر ہووین جان کہ واسطے جس کے یکجا چاہیے کیا نچ جاہے

ذکر اور ناف اور سینہ اور بیچ مین دونون ان کے اور کھوپری برنگ زرد تب ذکر سے یہہ پانچ موضع مخصوص واسطے ہر غرض اور کام علت کے کہ چاہے تصور کرے ساتھہ رنگون مختلف کے ساتھہ ۶ صفون کے مخصوص ہے جو کچھہ کہ کرنے مین آتا ہے ان شاء اللہ تعالی کامیاب ہوگا

دوسرا طریق تصور دل صنوبری مین محال دوم مین جان کہ قلب صنوبری نیچے پستان چپ کے مقابل روح کے ہے سالک کو چاہئے کہ اوس قلب مین ایک تخت نورانی تصور کرے اور اوپر اوس تخت کے صورت اپنی دیکھا کرے جب تک کہ ملک ظاہر دیکھا کرے اور حقیقت اصلی کو اپنے معلوم کرے بعد اوس کے ترقی کرے اسی صورت کہ صورت شیخ ساتھہ صورت روح کے کہ حلیہ حق ہے ساتھہ صورت حق جل شانہ کے قرار دیوے جو وقت یہہ صورت خوب مشاہدہ کرے۔ واسطے تسخیر کسی کے چاہئے کہ وہ شخص مسخر ہوے اوس مقام مین صورت اوس شخص کی تصور کرے اور حبس کرے چند روز مین مسخر ہوئے

فایدہ جو وقت یہہ تصور کمال کو اپنے پہونچے قلب مین مطلوب کی صورت کو اپنے تصور کرے اور اپنے کو اوس کے قلب مین پہیلاے

وہ شخص سب نیند ہو کر لوٹے اور بیہوش ہووے طریق توجہ کا یہی شبہین
ہو ثابت شد بات دوسرا طریق تصور روح کا جان کہ مذہب
اہل التصوف کا یہہ سب ارواح ہر ایک سے مجرد قایم ساتہہ ذات
اپنے نہ عرض اور انفس ست اور نہ جسم سے اجسام سے نہ متمکن سب
مکان مین اور نہ فیہ ست لیکہ حدبت اور زمان مین متصل ساتہہ بدن
کے اور عالم سے اور نہ منفصل اوس ست اور نہ داخل ست بدن مین
اور نہ خارج اوس سے بلکہ ذات ست ہہ موصوف ساتہہ اوصاف
الوہیت کے اور واسطے اوس کے قرب اشیا مقام الوہیت
مین اسمین لطیفہ روحانی موصوف ساتہہ اوصاف مختلفہ کے اور
موصوف ہوا رض متعددہ ہوتی ہست ساتہہ ہر وصف کے نام دوسرا
اوپر اوس کے اطلاق پاتا ہے لیکن جسم انسان مین دو جائے مین
کہ گذرگاہ روح ہے اول عل دماغ کہ روح اوس جلسے ساتہہ
نام انسانی کے نامزد ہوتی ہے اور شکل روح انسانی کی اور رنگ
اور قامت اوسکا مشابہ جسم سے ہے اسطرح سے کہ اگر مکان مین جسم
زید سے روح نکلے اور بیٹھے اور جسم معدوم ہووے دیکھنے والے کو

معلوم نہووے کہ جسم زید معدوم ہے روح انسانی اوسکی جاسے پر
بیٹھی ہے اور محل دوسرا روح حیوانی اور محل اوسکا قلب صنوبری ہے
کہ پہلوی چپ مین ہے اور شعاع روح حیوانی کی تمام اجزاے بدن
مین ساری ہے اور حس وحرکت ہر جزو بدن کی شعاع سے اوس کے
ہے جیسا کہ آفتاب چوتھے آسمان پر روشن ہے اور شعاع اوس کی
روے زمین پر محیط ہے ایسا ہی روح انسانی کو ارتباط جسم سے ہے
لیکن جب تک حال اعتدال اور صحت مزاج باقی ہے اور بعد فساد
مزاج اور رفع کمال اعتدال کے روح انسانی بہاگتی ہے اور جسم
صورت جمادی پیدا کرتا ہے اور موت اسی حالت کو کہتے مین - اب
طریق تصور محال روح انسانی کا یہہ ہے کہ آنکہہ بند کرکے دل وجان
اور دل وجان سے متغفل ہو کہ اوس کے جوف مین ایک نقطہ چلتا ہوا ہے
مثل آفتاب کے مایل بہ سفیدی وزردی اور اوپر اوس کے صورت
اپنی ہیئت مجموعی تصور کرتا رہے ارشاد تمام ہوا **طریق تصور**
محل دوم قلب صنوبری ہے رنگ اوسکا سرخ مایل بہ زردی
وسفیدی اور اندر اوس کے جاے ہے کہ تخت نور ہے اور اوسکو قلب

ہے اور بعض مشائخ کہتے ہیں کہ اس شغل سے قلب مدور آئینہ صورت اپنی معاینہ کرتے تاکہ ملا پیدا ہوا اور روح کی شکل صورت ظاہری سے معاینہ کریگا لیکن اول چند روز تک اس سے مواظبت شغل آئینہ کی کرے لازم ہے اسے تجربہ بہت میں حاصل ہووے ذٰلک فضل اللہ یوتیہ من یشاء واللہ ذو الفضل العظیم ۔

باب بستم بیان میں طریق شغل سیر الی اللہ ومع اللہ وفی اللہ اور سیر وجود وکشف وجود اور کشف الروح اور تلاوت وجود اور لطایف ستہ وغیرہ

جان کہ ذکر اربعہ ہو الاول ۔ ہو الآخر ۔ ہو الظاہر ۔ ہو الباطن ہے سالک کو چاہئے کہ نشست چار زانو کرکے ہو الاول کہے اور زانوئے چپ پر ضرب کرے ہو الآخر کہے اور زانوئے راست پر ضرب کرے ہو الظاہر کہے اور دوش راست پر ضرب کرے ہو الباطن کہے اور دل صنوبری پر ضرب کرے اور پھر اسی طریق سے کیا کرے

صنوبری ہے تب میں انجمن سے اس ذکر کے غیب اور شہادت ازل سے
اور ابد تک ایک جست میں نہ دکھلائی دیں اور یہ ذکر عارفان اور موحدان الٰہی
کا ہے جب ہر سبب ہمیشہ آوے تو جانتا ہے کہ سب وہاں سے جیب پر وہ
تمارت اور پرانی شدہ شیطانی سے ہے تو سب بے نمازی شیطان
اور ضرب ہو دل انور سے لاست پر جب وہ اشارت اور بیانی خطرہ نفسانی
سے ہے اور ضرب ہو بائیں اور پردہ شانہ راست سے جب اشارت اور نفی خطرہ
ملکی سے جو مقام کاتب شرف ہے اور ضرب ہو پیچھے اور پر فوق اسے قلب
صنوبری سے ہے وہ اشارت اور اثبات خطرہ ربانی سے ہے اور
ضرب پیچھے زیر پشت حق ہے تب وہ اشارت اور سیر سب کو سوائے حق
ال نے کا کر کے پشت ڈالے السالک کو لازم ہے کہ اس شغل میں بہت
مشغول رہے تا کہ مارب مشاہدہ روح کا حاصل ہو السعی منی
والاتمام من اللہ تعالیٰ دوسرا طریق **کشف الروح** اول ایک سو بار
یا رب کہے یا روح الروح اور ضرب دل صنوبری پر لگاوے پھر
اوپر کرے تو کہے یا روح ماشاء اللہ جب ذکر سے فراغت ہو توجہ
طرف مطلوب کے ایسے رہے کہ وہ روح حاضر ہووے خواب میں یا

بیٹھے بیٹھے دو ہزار بار یہہ ذکر کرے نہایت نتیجہ تک پہونچے
اس ذکر مین فائدہ عظیم ہے حضرت بندہ نواز سید محمد گیسو دراز کرین
ہمیشہ مشغول رہتے تھے • اس ذکر کو حضرت نصیر الدین محمود چراغ دہلی
قدس اللہ سرہ وسے تلقین فرمایا تھا مواظبت شرط ہے • دوسرا طریق
شغل سیر الی اللہ و سیر مع اللہ و سیر فی اللہ ہے جان کہ سیر الی اللہ
و مع اللہ و فی اللہ یعنے ہر شے مین نظر کرے سنریہم
آیاتنا فی الآفاق وفی انفسکم افلا تبصرون کو اور مضمون وھو معکم
کو تصور مین لاے اور معیت اوسکی اپنے ساتھہ و یا اپنے غیر کے ساتھہ
تصور کرے اور سیر فی اللہ و فنا فی اللہ یعنے ذات و صفات کو اپنے
بحکم ان تودوا الامانات الی اھلہا ساتھہ ذات حق کے سپرد کرے
اور آپ ساتھہ اصل اپنے کہ عدم محض ہے توجہ کرے اور سیر ساتھہ ذات
وصفات حق کے کرے کہ تمام سمع سے سمیع اور تمام بصر سے بصیر وہ ہے
علی ہذا القیاس باقی صفات کو اسیطرح تصور کرے ہمیشہ اسی خیال
مین مشغول رہے اور سعی بلیغ کرے تا آنکہ مشاہدہ حاصل ہو دوسرا
طریق سیر وجود کا ہے سالک کو چاہیے کہ خلوت مین بیٹھکر البتہ

خیال کرے اللہ حی دماغ مین اور اللہ سمیع کان پر اور اللہ بصیر آنکھ
پر اور اللہ علیم دل پر اور اللہ مرید پاؤن پر نزول تمام ہوا پھر عروج کرے
پاؤن سے اور اللہ دماغ مین پہونچاے اور دماغ سے پاؤن پر لاے
عروج ونزول تمام ہوا اور طریقہ مین حضرت شاہ قمیص قادری کے آنکھ
بند کرے اور طریق مین حضرت سلطان المشایخ نظام الدین اولیا محبوب
الہی کے جدا جدا ہے جیسا دونو قسم کرتے ہین اور شدت اشتغال
کرتے ہین بلکہ بامقید ... ... کے اور ... شغل کو ... ... خواہ
... ... جس ... ... طریق مذکور کرتے ہین ... ... ت
سے اس شغل سے سیر آفاقی اور سیر نفسی اور تجلی تنزیہہ اور تشبیہ سب
حاصل ... ... کہ ... وقت اس شغل کو عمل مین
لاے اور سعی کرے اور ... ... اپنے مرشد ... ... اس
معاملہ مین مغالطہ بہت ... ایسا نہو کہ مغالطہ مین پڑے اور امیدوار
فضل حق تعالی کا رہے۔ ذلک فضل اللہ یوتیہ من یشاء
واللہ ذو الفضل العظیم دوسرا طریق ورزش
کشف الوجود کا کہ اوسکو زبان ہندی مین سروده

کہتے ہیں جان کہ سالک کو چاہئے کہ آشنا دم کا رہے کہ دم مہتاب
ہو جاوے وہ نہ ... تعلق ساتھہ آفتاب اور مہتاب کے رکھتا ہے
پس ... سوراخ ... ہمیشہ ... سیدھی آفتاب
اور سوراخ بائین مہتاب ہے ہر روز و شب کبھی آفتاب اور کبھی مہتاب وان رہے
اور جاننا آفتاب اور مہتاب کا بڑا کام ہے کہ اوسکو ... وجودی
کہتے ہیں سوا ... اگر کوئی حاجت سے اپنے سوال کرے جواب کہہ سکے
... ورنہ ... لیکن عامل کو چاہئے کہ چند وقت
جواب نہ دے کہ احتمال ہے کہ خطا پڑے اول اوسوقت کہ بہت
دوڑا ہو دوم جو وقت کہ خواب سے بیدار ہوا ہو اور سست رہے سوم
بعد فراغت پانے جماع سے کہ اوسوقت بہہ حکم نکرے اور چہارم
اوسوقت کہ دونو سوراخ برابر جاری رہین حکم نہ کرے اگر ان چار
وقتون مین توقف کرے بہتر ہے ورنہ خطا پڑے اگر سایل آکر سوال
کرے کہ یہہ کام ہمارا ہوتا ہے یا نہین عامل دریافت اپنے دم کی کرے
کہ سایل اگر سیدھے طرف بیٹھا ہے یا بائین طرف اگر سیدھے طرف بیٹھا ہے
عامل اپنے دم کو معلوم کرے اگر دم سیدھا چل رہا ہے حکم کرے کہ وہ کام

ہوتا ہے اگر موافق نہووے تب یہہ کام نہیں ہوتا اور اگر سامنے
یا پیچھے آکر بیٹھا اور سوال کیا کہ فلان کام ہوگا یا نہین عامل کہدے کہ درست
یہ کام اوسطے ہے اگر وہ خود مراد برہوے وہین تب کہ اوس کام مین تغیر ہے
اگر سایل آکر سوال کرے کہ فلان کام جلد ہوتا ہے یا دیر عامل دم دریافت
کرے اگر دم سیدھا چلتا ہو تب اور سایل بھی سیدھے طرف بیٹھا ہے
اور دن شنبہ یا ایتوار یا پنجشنبہ ہے حکم کرے کہ کام ہوتا ہے
اور اگر دم عامل کا بائین طرف چلتا ہے اور سایل بھی بائین طرف بیٹھا
ہے اور دن دوشنبہ یا چہارشنبہ یا جمعہ ہے عامل حکم کرے
کہ کام نہایت جلد ہوتا ہے سایل آکر سوال کرے کہ مین فلانے سے
لڑنے جاتا ہون فتح کسکی ہوگی عامل دم دریافت کرے اگر دم سیدھا
جاری ہے حکم کرے کہ فتح اوسکی ہے اور اگر دم بائین طرف کا جاری ہے
فتح سایل کی ہے اور سایل آکر سوال کرے کہ یہہ خبر سنتا ہون
یہہ خبر سچ ہے یا جھوٹ ہے یا عامل کہ یہہ سنا ہو جلد دم کو دریافت کرے
اگر دم سیدھا جاری ہے حکم کرے کہ یہہ خبر جھوٹ ہے اور اگر دم بائین
طرف کا روان ہے خبر سچ ہے سایل پوچھے کہ بادشاہ کے ملاقات

...ک ... ن ... ل ... لیے وقت کہ ... ب ... ی

... ت ... سب ... اور ... اور ... ت و جس کام کو کرنا ہو اپنے

... اللہ تعالیٰ نام اور موافق ... ... حاصل ہوا اور اپنے واسطے

... کپڑے اور ... اور ... اور ... کرنے کے ... کاموں کو

تعلق ہے ... سے ... آفتاب سے ... سفر کرنے اور صدقہ

... زیور ... اور پہنانے اور ... سے پہننے اور پہنانے

... کو اور سواے ... ... فرزند ... اور ... امور نیک

او سوال کیسے ... اجازت ... کہ نیک آوے تبھی ہیں

... چہار قسم پر ... دم آبی اور دم آتشی اور دم خاکی اور

دم بادی ... جاننا ... کا ... عظیم ... اگر کوئی سوال کرے کہ غلام

یا کنیز گم ہے ... گریختہ ہے کونسی طرف گیا ہے ... احکام انفاس

سے معلوم کرے اور حکم ... کہ ... دم آتشی مشرق

سے تعلق رکھتا ہے اور دم بادی مغرب سے تعلق رکھتا ہے اور دم

آبی شمال ... اور دم خاکی جنوب ... ہے۔ اگر وقت سوال سایل مذکور

... دم آتشی چلتا ہے ... گریختہ طرف مشرق کے نشان ... ہوے

اور اگر دم بائیں جاری ہے مغرب کی طرف چلا جائے اور اگر دم آپ کی روانی
طرف شمال کے کھینچے اور اگر دم خانی جاری ہے طرف جنوب کے نشان
ہے اور جانشان پر وانہ ہو کہ وہاں خوب کئے ہے اگر دم
وقت ... علوم کرے
... ہو وے علوم کرے اگر دم ...
... تین ... اور ...
... اور دم ...
ہے اور ...
... اعلیٰ ہے ... اور ...
... ہے ...
... کرے ...
جا ہے کہ اس ... سب اسکو نام روز ...
اور ... لذت سے اور ... ساتھ ... وے بعض ...
اگر جس ... تین چار روز تو ... دم جاری رہے جانے کہ ... سکو پہنچے
یا خوشخبری اور نقل اسکا دلالت ساتھ ... ہے یا مریض ہو

یا مالامت ایک پہر سے پانچ پہر دم سے کم ہووے اگر دم نتھنے دونون یا چارون کسیکا بست پھر نتھنے ایک دم مین جاری ہو تو جانے کہ وہ شخص مرے بلکہ اوس روز دم داہنے نتھنے کسیکا جاری ہو تو اوس شخص کو رنج پہونچے اگر دم چپ روان ہو جانے کہ صحت بخشے لوگ اسوقت آفتاب اور ماہتاب کے نتھنے مین ہین او سوراخ بینی سے نکلتے ہین سیدہے طرف آفتاب بائین طرف ماہتاب اور دم کبہی سیدہا اور کبہی بائین طرف چلتے ہین سب کو دونون جمع نہین ہوتے اور جو دم دو طرف سے باہر نکلتے اگر حالت خواب مین اور جماع کرنے مین اور اوپر چڑھنے مین اور سخت دوڑنے مین اور کہانے کے حالت مین جان کہ طرف راست آفتاب اور طرف چپ ماہتاب اگر کسیکو حرارت غالب ہووے سوراخ ناک سے سیدہے طرف کا تا پنج مینی پنبہ سے بند کرے تا ایک رات ایکدن کہ دم اوس راہ سے نکلے انشا اللہ حرارت کو دور کرے اگر کسیکو رطوبت زیادہ ہووے سوراخ چپ کو پنبہ سے بند کرے رطوبت دور ہووے جب دوسرا عمل یہ ہے کہ مکان مین اپنے بیٹھ کر زیر پہلو سخت رہے اور کف دست زمین پر رکہے اور اونگلیان برقرار رکہے ساعد بدن سے

تہوڑا جدا رہے جب چاہے کہ دم راست جاری ہووے پہلوے چپ
پر بیٹھے اور اگر دم چپ چاہے بپہلوے راست پر بیٹھے احتیاج پنبہ نہیں
جب کہ خواب مین آفتاب اور ماہتاب کو تصرف مین لاے جب پہلوے
چپ پر سووے دم چپ روان ہووے اور اگر پہلوے راست پر سووے
دم راست روان ہووے اور اگر کوئی دنکو ماہتاب اور شب کو آفتاب
جب یہہ عادت کرے بیماریون سے رہا ہووے اور درد استخوان
اور درد کمر اور درد دندان نہووے اور زہر مار وکژدم کا اثر نکرے ہمیشہ
مانند با قوت عمل کرتا رہے بال سیاہ ہووے اور اگر کوئی عزم سفر
رکہتا ہووے جب دم راست چلے قدم راست اول اوٹہاکر روان ہووے
بخیریت منزل کو پہونچے اور فایدہ مند آوے اگر سامنے بادشاہ
اور امیر و وزیر اور بزرگ کے جاوے اور اول نام مذکور شمار کرے اگر
طاق آوے دم راست لیوے اگر جفت آوے دم چپ لیوے اوپر اوس
کے عمل کرے بعد پہونچنے مقصود کے حروف اپنے نام کے اور حروف
اوس شخص کے نام کے شمار کرے اگر حروف اپنے نام کے زیادہ آوین
اپنے کو مبارک ہے وگرنہ وہ غالب ہووے اور اگر دو لشکر مقابل یکدیگر

ہووین سپہ سالار شکر کا ملاحظہ کرے جب دم بیدہا روان ہوین دستی
کرے اگر دم چپ روان ہو آپ وس جائے رہے اوسے حملہ کرنے دیوے
وہ شخص مغلوب ہو اگر شتر یا اسپ یا فیل یا غلام خرید کرنا چاہے جو دم
کہ جاری ہووے اوسطرف قدم اوٹہائے اگر دم راست جاری ہے
چہار قدم راست آگے رکہے و اگر دم چپ جاری ہووے تین قدم چپ
آگے رکہے زمین پر انشاء اللہ تعالی تمام روز و شب بخیریت گذرے
لیکن ایسا کہے مین اگر دم اور روز موافق ہووے فایدہ مند آوے
آشنائے دم و قدم اسیکو کہتے مین کہ شب و روز ملاحظ مین دم کے رہے
اور اسم اللہ ہو ملحوظ رکہے اور اگر روز چہار شنبہ دم منقص ہے یا دونو
دم برابر جاری ہووے دونو قدم زمین پر رکہے اور اگر روز شوریدہ مین
یعنے دو از دہ انگشت جاری ہووے اوس روز مین کوئی کام کرنا خوب
نہین ہے نہ انصرام کار ہووے اگر کسیکو ایک رات اور ون
اطلاع نہووے کہ کونسا دم جاری ہے چاہئیے کہ وقت کہولنے کے
طلاق ہوے اور اگر سیدہے طرف سے نکلے کچھہ ملال ہووے او اگر دونو
دم ملکر نکلے خطرہ ہے یا دیوانہ ہووے اور اگر دم چپ چہار ساعت

جاری ہووے غیب سے فتوح پہونچے اور اگر آٹھہ ساعت چلے جلد کہین
سے سراپا اور خلعت پاوے اور ابنائے جنس مین بزرگ ہووے اور اگر
دم راست دو ساعت ہووے درمیان دوستون کے خفگی اور رنجش
پیش آوے اور اگر چہار ساعت چلے خویشون کے طرف سے خبر بد سنے
اور اگر دس ساعت چلے دشمن پیدا ہو کر اوس سے ایذا پہونچے اور
اگر دم تمام روز چلے اجل وسکی نزدیک سبب اوس روز مرے اوسکو
کشف الوجود کہتے مین سالک کو لازم ہے اول شغال کرے کہ اوس سے
کشود ظاہری اور باطنی حاصل ہو اور اگر نہ سکے اس عمل کو رات دن
مواظبت کرے اس عمل سے بھی کچھہ ظاہر ہوتا ہے اور لوگ معتقد ہوتے
مین السعی منی والاتمام من اللہ **دوسرا طریق بیان مین**
شغل تلاوت الوجود کے جان کہ دایرہ اٹھائیس رکن کا
اوپر اٹھائیس حروف کے ہے سالک کو چاہئے کہ ان مقامون کو
اپنے وجود مین معلوم کرے حروف مذکور یہہ ہین ۔ ا ب
ت ث ج ح خ د ذ ر ز س ش ص ض ط ظ
ع غ ف ق ك ل م ن و ه ي تین رکن طرح

ہے ... اصل سے جان کہ ش غ ب تنبیہ وہ کہ اے
بھائی اگر شغل دایرہ کیا چاہے تو اول شموس یعنے قرص آفتاب
... یعنے ابر تمام سر مین سے لیکن آرام لیتا ہے ... حرکت
... کان سے خارج مغفرت نہ آتا ہے برزخ صورت مرشد یا محبوب
... تصفیہ ... کرے اور دیکھے اٹھائیس حروف شمار
کرے باخیال ... ہر حرف کہ مقام معین
مین ... محل مین محو ہووے ہر عالم
مین گذرا وسکا ہو - جان کہ اگر شاغل شمار مین ۲ الف اللہ کے بیخود
ہووے اوس محل سے ہرگز باز نہووے کہ واسطے کہ مقام دیدار حضرت
پروردگار ہے نفس کہ مرتب روح ہے اوسکو اوس جاے مین آنا
اور جانا ہر مرتبہ ہے اگر شاغل شمار بے مین ہے منہ پر بے کے بیہوشی
ایک ظاہر آئے عالم سفلی سے اور عالم علوی مین کوئی چیز نہ کہلائے
سرف بحر بیکران کا رہے اگر شاغل شمار تے مین ہے نیچے دو بھون کے
ہے اورتے سرعت دم سات ہوش کے ہووے مگر خبر عالم ارواح سے
نہووے مقام وسکا قاب قوسین مین ہووے اگر شاغل مقام مین ج

جسم اوح حی اور خ خلافت شمار مین تینون کو ساتہہ ایک نظر کے برابر
استوار کرے ہمیشہ ہوشیار رہے ساتہہ کشف اور کرامات کے مقامات
مین رہے اگر شاغل شغل ر آل دلالت اور ذال ذالک نور مین مشغول ہووے
اوس محل مین کہ وہ دو نو شمار مین آئے شاغل اپنے سے بیخودی کرے
اور دیدہ آفتاب اور ماہتاب پر لیجاے تہوڑی بیخودی اوپر سر اوسکے
ہووے اور اگر شاغل مقام ر ری ریاضت اور زی زیارت مین تفکر آت
مین بیہوشی آئے عالم ساتہہ ایک رفتار کے منہ دکہائے اگر شاغل
فی سین اور شین مین سے شدت عقل زایل سے بے قصد علامت کے
ہووے اگر شاغل شمار صاد صمد اور ضاد ضد مین محو ہووے اور
استغراق حقیقی پر ہووے اگر شاغل شمار طی طہارت اور ظی ظہوریت
مین نظر کرے اوس ساعت مین قرار پکڑے بعدہ درویش کو دہشت
نمودار ہووے اگر شاغل کو مقام عین عبرت اور غین غیرت یکایک
منہ دکہائے بلکہ ان حروف کو تاثیر چالیس اسم کی ہے اگر شاغل کو
مقام فی فنا اور قاف قرب لقا کا حاصل ہووے فنا اپنی اور بقا
حضرت حق ذوالجلال والاکرام کے ہووے اگر شاغل مقام کاف

مین پہونچے وہ کرامت وکشف سے فروش ہووے اگر شاغل مقام لام مین ہے لاسے نفی اپنی تصور کرے اگر شاغل مقام میم مین پہونچے خطرہ بندی محل ملاحظہ اور محل لوازم صفت مین اوسکے ہووے مقام تجلی و ہمیت مین ہووے اگر شاغل بیچ مقام نون نور کے پہونچے اگر شاغل مقام واو مین پہونچے واصل بحق ہووے اگر شاغل مقام ہے مین پہونچے ہدایت ازلی ہووے بعد اوسکے جس جاے کر جاہے مستغرق ہووے اگر شاغل مقام یے مین پہونچے اوسکو بقا بیت کونین حاصل ہووے جان اے بہائی شغل دایرہ وجود خوب چیز ہے یعنے عام اور برزخ اور شموس خواجہ نظامی فرماتے مین خوب کہے ہین **سہ** میان سر خود چون قرص دیدی + سر مطلوب خود انگہ رسیدی + چو عکس آفتاب از ما نمودہ + دل دیوانگان آنجا بسودہ + **دوسرا بیان لطایف باطنیہ کا** جان کہ لطایف ستہ عبارت قابلیات سے ہے کہ وہ قابلیات حقیقت مین ظہورات انوار غیر متناہی مین کیفیت سے مندرج ہے وہ انوار جس قابلیت مین کہ ظاہر ہوکون مین نور احدیت سے کہ

مسمی ساتهہ نور محمدی صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم کے ہے اور دلیل اوپر
ثبوت اس لطایف کے بدن انسان مین ثبوت مین علاوون کے
حدیث شریف ہے ان فی الجسد ابن آدم لمضغة وفی المضغة
قلب وفی القلب فواد وفی الفواد سر وفی السر خفی وفی الخفی اخفی
وفی الاخفی انا ط انا اسواسطے کہ یہہ حدیث معلوم ہوی کہ یہہ لطایف
جسد سالک مین بلکہ جسم مین ہر بنی آدم کے موجود مین اور بہی معلوم
ہوا کہ یہہ لطایف چہہ ہین اول نفس دوم قلب سوم روح
چہارم سر پنجم خفی ششم اخفی اگر حدیث شریف مین صراحتًا
لفظ النفس متروک ہوا اسواسطے کرامت کے ذکر اوسکا اور واسطہ شیرازہ
اوسکے فوقیت رکہتا ہے بشر ابلیس بہر حال ضمنًا اس حدیث سے
لطیفہ نفسیہ سمجہا جاتا ہے پر اور مراد فواد سے روح ہے ساتہہ
قرینہ مقابلہ کے درمیان لطایف کے اور معنی اس حدیث کے وہ ہے
کہ ابتدا ہے مضغہ مین ناظر ہے ساتہہ نظر خیال کے اور متوجہ ہے طرف
انوار قلب کے پس قلب ناظر ہے اور متوجہ ہوتا ہے طرف انوار روح کے
پس روح بہی ایسے ہی ناظر ہے اور متوجہ طرف افاضہ سر کے پس سر بہی

ایسا ہی ناظر اور متوجہ رکہتا ہے طرف انوار خفی کے پس خفی بہی اسیطرح
ناظر ہے متوجہ طرف انوار اخفی کے پس اخفی بہی ایسا ہی ناظر ہے طرف
انوار ذات عالیہ کے کہ عبارت کئی گئی ہے ساتہہ انا کے اور وہان کوئی
شایبہ توجہ کا نہین ہے اور ہر لطیفہ کو لطایف سے ظہور ہے تمام تن
بنی آدم مین ذات سے اپنے اور اس ظہور پر لطیفہ کو اوس سے ہے
محل معین مین بدن سے باعتبار قابلیت مخفیہ دم ایک ہے اور ظہور
ذاتی کو ظہور اصلی کہتے مین اور ظہور دوسرا کہ تعلق قابلیت سے رکہتا ہے
اوسکو ظہور ظلی کہتے ہین اور ہر واحد اس لطایف سے تجلی کرتے ہین
ساتہہ ایک نور کے انوار سے اور ہر نور کو ذوق جدا اور رنگ علیحدہ
ہے اور ہر لطیفہ کو اون سے کمال ایک جدا اور شرک ایک علیحدہ ہے
اور یہہ لطیفہ کہ نور اسکا ہے وہ اشد ہو یہی باعتبار خفا اشد ہوا اور رفع
کرنا اس شرک کا سخت تر ہو از روے وقت اور اسواسطے اوپر پہچاننے
اس لطایف کے لازم ہوتا ہے اور عبور کرنا احوال سے اون کے
اور پہونچنا ساتہہ کمالات ہر واحد کے اس لطایف سے ابتداے خلو
مین تلخی ہے ان کے بسبب کہ نقوش سے غیر ولی کے اور ظہور انوار

بتکلیف آیا وہ ہے اور جاننا چاہیئے کہ محل نفس مضغہ قصیفو ہے کہ اوپر
ناف کے ہے اور محل قلب مضغہ کبیرہ ہے کہ نیچے پستان چپ کے
بقدر دو انگشت ہے اور محل روح کا نیچے پستان راست کے ہے
بقدر دو انگشت اور محل سر درمیان دونو پستان کے ہے اور محل خفی
قاب قوسین مین درمیان دونو بہون کے کہ اوسکو حاجبین اور سلطان
محمودہ کہتے ہین اور محل اخفی کا ہوا مین اوپر دایرہ جسد انصری کے اور خاص
بعض صوفیہ کو محال مین ان لطایف ہونیکے اختلاف ہے اس لطایف کو حقیقت مین
وہ اختلاف کشفی ہے سالک کشف کے قوت باطن سے یا اپنے مرشد سے معلوم کرے
کہ یہ امر ضروری ہے جو کچہہ اس فقیر پر عنایت حضرت قبلہ و کعبہ کے مکشوف ہوا
تحریر کیا واللہ اعلم بحقایق امور کلہا

تمت بالخیر

بتاریخ ۲ رجب المرجب ۱۳۳۲ھ کو تمام ہوی کتاب ارشاد اسامی نادر الوجود واسطے تعلم و تعلیم
طالبان حق و سالکان طریق مطلق کے جو ارشاد کہ سالہا سال مین خدمت کرنے سے شیخ کے حاصل ہوتا ہے
تہا اوسکو گہر بیٹھے گہڑیون مین مطلب کو پہونچنے کا طریقہ مصنف صاحب قبلہ مد ظلہ نے اپنی کتاب ہذا مین
بتلا دیا ہے اللہ تعالی اونکو جزائی خیر دیوے اور اوسکے پڑہنے والیکو عمل کرنیکی ہدایت دیوے
امین ثم آمین

من تصنیفات مصنف کتاب ہذا واقف رموز خدادانی

کاشف اسرار حقانی یعنی حضرت سید محبوب علیشاہ

عرف گلابی شاہ صاحب قبلہ محبوب حقانی چشتیہ

القادری القلندریہ دام برکاتہ مدظلہ متوطن حیدرآباد

از انتخاب دیوان چند غزلیات و قصاید و خمسہ جات

و مستزاد و مثنوی و ساقی نامہ و رباعیات وغیرہ

حسب فرمایش احباب محققین اسرار خدادانی

و برائے ذوق سالکان طریق عرفانی و وصول

الی اللہ کے تحریر کیا گیا فقط

مرقوم ۷ رجب المرجب سنہ ۱۳۰۲ ہجری

SALAR JUNG ESTATE
(Oriental) S